اَلتَّغَابُنُ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ ۚ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ ۖ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝١

تسبیح کرتی ہے اللہ کی جو چیز آسمانوں میں ہے اور جو چیز زمین میں ہے۔ اسی کی ہے بادشاہی اور اسی کیلئے ہے حمد اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ فَمِنْكُمْ كَافِرٌ وَّمِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝٢

وہی ہے جس نے پیدا کیا تمکو پھر کوئی تم میں کافر ہے اور کوئی تم میں مومن۔ اور اللہ جو کچھ تم کرتے ہو دیکھ رہا ہے۔

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ ۚ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝٣

پیدا کیا اسی نے آسمانوں اور زمین کو حق پر اور اسی نے تمہاری صورتیں بنائیں۔ تو بڑی عمدہ تمہاری صورتیں۔ اور اسی کی طرف لوٹنا ہے۔

يَعۡلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ وَيَعۡلَمُ مَا تُسِرُّوۡنَ وَ مَا تُعۡلِنُوۡنَ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيۡمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ ﴿۴﴾	وہ جانتا ہے جو ہے آسمانوں میں اور زمین میں اور وہ جانتا ہے جو تم چھپاتے ہو اور جو تم ظاہر کرتے ہو۔ اور اللہ جانتا ہے جو دلوں میں ہے۔
اَلَمۡ يَاۡتِكُمۡ نَبَؤُا الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا مِنۡ قَبۡلُ ۡ فَذَاقُوۡا وَبَالَ اَمۡرِهِمۡ وَلَهُمۡ عَذَابٌ اَلِيۡمٌ ﴿۵﴾	کیا نہیں پہنچی تمہیں خبران لوگوں کی جنہوں نے کفر کیا اس سے پہلے تو انہوں نے چکھا وبال اپنے کام کا اور انکے لئے ہے عذاب دردناک۔
ذٰلِكَ بِاَنَّهٗ كَانَتۡ تَّاۡتِيۡهِمۡ رُسُلُهُمۡ بِالۡبَيِّنٰتِ فَقَالُوۡۤا اَبَشَرٌ يَّهۡدُوۡنَنَا ۡ فَكَفَرُوۡا وَتَوَلَّوۡا وَّاسۡتَغۡنَى اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ غَنِىٌّ حَمِيۡدٌ ﴿۶﴾	یہ اس لئے کہ آتے رہے انکے پاس انکے رسول نشانیوں کے ساتھ تو انہوں نے کہا کیا ایک آدمی ہمیں ہدایت دیگا۔ تو انہوں نے انکار کیا اور منہ پھیر لیا اور بے نیاز ہو گیا اللہ ۔ اور اللہ بے نیاز ہے لائق حمد وثنا ہے۔
زَعَمَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡۤا اَنۡ لَّنۡ يُّبۡعَثُوۡا ؕ قُلۡ بَلٰى وَرَبِّىۡ لَتُبۡعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلۡتُمۡ ؕ وَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ	دعویٰ کیا ان لوگوں نے جنہوں نے کفر کیا کہ ہرگز نہیں وہ اٹھائے جائیں گے۔ کہدو کیوں نہیں قسم ہے میرے رب کی تم ضرور اٹھائے جاؤ گے پھر تمہیں بتادیا جائیگا وہ جو تم کرتے

يَسِيْرٌ ۝٧	رہے ہو اور یہ اللہ کو آسان ہے۔
فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ الَّذِيْٓ اَنْزَلْنَا ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝٨	تو ایمان لاؤ اللہ پر اور اسکے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر اور اس نور پر جو ہم نے نازل کیا ہے۔ اور اللہ اس سے جو کچھ تم کرتے ہو باخبر ہے۔
يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ ؕ وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝٩	جس دن وہ اکٹھا کرے گا تمہیں یوم الحشر میں وہ دن ہوگا ہار جیت کا۔ اور جو ایمان لائے اللہ پر اور کرے نیک عمل وہ دور کر دے گا اس سے اسکی برائیاں اور داخل کرے گا اسکو باغوں میں بہ رہی ہیں جنکے نیچے نہریں وہ رہیں گے ان میں ہمیشہ۔ یہی کامیابی ہے بہت بڑی۔
وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝١٠	اور وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا اور جھٹلایا ہماری آیتوں کو وہی ہیں اہل دوزخ وہ رہیں گے اس میں۔ اور وہ بری جگہ ہے۔
مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ	نہیں پہنچتی کوئی مصیبت مگر اللہ کے حکم

وَ مَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ يَهْدِ قَلْبَهٗ ؕ وَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۱﴾	سے۔ اور جو ایمان لاتا ہے اللہ پر وہ ہدایت دیتا ہے اسکے دل کو اور اللہ ہر چیز سے باخبر ہے۔
وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاِنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۲﴾	اور اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسول کی۔ پس اگر تم منہ پھیر لوگے تو بس ہمارے رسول کے ذمے پہنچا دینا ہے واضح طور پر۔
اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۳﴾	اللہ کہ نہیں ہے کوئی معبود سوائے اسکے۔ اور اللہ ہی پر چاہیے کہ بھروسہ کریں ایمان والے۔
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ وَ اَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ ۚ وَاِنْ تَعْفُوْا وَتَصْفَحُوْا وَتَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۴﴾	اے وہ لوگوں جو ایمان لائے ہو بلا شبہ تمہاری بیویوں میں اور تمہاری اولاد میں دشمن بھی ہیں تمہارے سو بچتے رہو ان سے۔ اور اگر تم معاف کر دو اور درگذر کرو اور بخش دو تو بیشک اللہ ہے بخشنے والا مہربان۔
اِنَّمَاۤ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ؕ	در حقیقت تمہارے مال اور تمہاری اولاد آزمائش

وَاللّٰهُ عِنۡدَهٗۤ اَجۡرٌ عَظِيۡمٌ ﴿۱۵﴾	ہے اور اللہ کے پاس ہے اجر بہت بڑا۔
فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسۡتَطَعۡتُمۡ وَاسۡمَعُوۡا وَاَطِيۡعُوۡا وَ اَنۡفِقُوۡا خَيۡرًا لِّاَنۡفُسِكُمۡ ؕ وَمَنۡ يُّوۡقَ شُحَّ نَفۡسِهٖ فَاُولٰٓـئِكَ هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ ﴿۱۶﴾	سو ڈرو اللہ سے جہاں تک ہو سکے اور سنو اور اطاعت کرو اور خرچ کرو یہ بہتر ہے تمہارے حق میں۔ اور جو شخص بچالیا گیا اپنے دل کے بخل سے تو ایسے ہی فلاح پانے والے ہیں۔
اِنۡ تُقۡرِضُوا اللّٰهَ قَرۡضًا حَسَنًا يُّضٰعِفۡهُ لَكُمۡ وَ يَغۡفِرۡ لَكُمۡ ؕ وَاللّٰهُ شَكُوۡرٌ حَلِيۡمٌ ۙ ﴿۱۷﴾	اگر تم قرض دو گے اللہ کو قرض حسنہ تو وہ اس کا کئی گنا دے گا تمکو اور معاف کر دے گا تمہیں۔ اور اللہ ہے قدرشناس بردبار۔
عٰلِمُ الۡغَيۡبِ وَالشَّهَادَةِ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ع ﴿۱۸﴾	جاننے والا ہے پوشیدہ اور ظاہر کا غالب بڑی حکمت والا۔